تولیدی صحت اور COVID-19 ویکسینیں: عمومی سوالات

مراکز برائے بیماری پر کنٹرول اور روک تھام (Centers for Disease Control and Prevention, CDC) اور دیگر طبی ماہرین ان لوگوں کو پُر زور تجویز کرتے ہیں جو کہ حمل سے ہیں، چھاتی سے دودھ پلا رہے ہیں یا حمل سے ہونے کے خواہش مند ہیں کہ وہ COVID-19 کے خلاف ویکسین لگوائیں۔



COVID-19 ویکسینیں کس طرح کام کرتی ہیں؟

یہ ویکسینیں آپ کے جسم کو ایسا پروٹین تیار کرنا سکھاتی ہیں جو اس پروٹین جیسا ہو جو کہ COVID-19 کا سبب بننے والے وائرس کا حصہ ہوتا ہے۔ اس کے سبب آپ کا مدافعتی نظام وائرس کے خلاف اینٹی باڈیز اور دیگر قسم کی حفاظت پیدا کرتا ہے تاکہ اگر آپ ویکسین لگوانے کے بعد COVID-19 کی زد میں آتے ہیں تو آپ کا جسم وائرس کی شناخت کر کے اس سے لڑنے کے قابل ہو۔ ان ویکسینوں میں COVID-19 کا سبب بنے والا وائرس نہیں ہے لہٰذا یہ آپ کو COVID-19 میں مبتلا نہیں کر سکتیں۔ یہ آپ کے DNA میں تبدیلی بھی نہیں لا سکتیں۔

جو افراد حمل سے ہیں ان کے لیے COVID-19 میں مبتلا ہونے کے خطرات کیا ہیں؟

جو لوگ حمل سے ہیں یا ماضی قریب میں حمل سے تھے ان کے COVID-19 سے شدید بیمار پڑنے کا امکان ان لوگوں سے زیادہ ہے جو حمل سے نہیں ہیں یا ماضی قریب میں حمل سے نہیں تھے۔ اس میں ہسپتال داخل کیے جانا، انتہائی نگہداشت، وینٹیلیٹر کی ضرورت پڑنا یا موت واقع ہو جانا شامل ہو سکتا ہے۔ جو لوگ حمل سے ہیں اور COVID-19 میں مبتلا ہیں، وہ قبل از وقت زچگی (37 ماہ سے پہلے بچے کی ولادت ہونا) کے بڑھے ہوئے خطرے میں بھی ہیں اور ممکنہ طور پر حمل کے دیگر منفی نتائج کی زد میں آنے کے بڑھے ہوئے خطرے میں بھی ہیں۔

کیا جو لوگ حمل سے ہیں یا چھاتی کا دودھ پلا رہے ہیں ان کو ویکسین لگوانی چاہیے؟

CDC، امریکن کالج آف آبسٹیٹریشینز اینڈ گائناکالوجسٹس (American College of Obstetricians and Gynecologists, ACOG) اور سوسائٹی فار میٹرنل فیٹل میڈیسن (Society for Maternal-Fetal Medicine, SMFM) کی پُر زور تجویز ہے کہ وہ تمام لوگ جو حمل سے ہیں یا چھاتی کا دودھ پلا رہے ہیں (جس کو اکثر سینے کا دودھ پلانا کہا جاتا ہے) COVID-19 کے خلاف ویکسین لگوائیں۔ یہ تجویز ان شواہد کی بنیاد پر ہے جو کہ اب ہمارے پاس ان لوگوں کے لیے ویکسین کے باحفاظت ہونے کے متعلق ہیں جو کہ حمل سے ہیں یا چھاتی کا دودھ پلا رہے ہیں اور COVID-19 بشمول زیادہ متعدی اور خطرناک ڈیلٹا ویرینٹ میں مبتلا ہونے کے خطرات کے متعلق ہیں۔ حفاظتی نگرانی کے سسٹمز سے آنے والے شروع کے ڈیٹا میں جو ان لوگوں سے متعلق تھا جو کہ حمل سے ہیں اور انہوں نے Pfizer یا Moderna ویکسین لگوائی تھی، ان کے یا ان کے بچوں کے لیے باحفاظت ہونے کے متعلق کوئی خدشات نہیں پائے گئے۔

تینوں COVID-19 ویکسینیں ان لوگوں کو لگائی جا سکتی ہیں جو حمل سے ہیں یا چھاتی کا دودھ پلا رہے ہیں۔ تاہم، لوگوں بالخصوص 50 سال سے کم عمر کی خواتین کو Johnson & Johnson ویکسین لگوانے کے بعد تھرومبوسس وِد تھرومبوسائٹوپینا سنڈروم (thrombosis with thrombocytopenia syndrome, TTS)، خون کے لوتھڑے کی ایک قسم جس میں پلیٹلیٹ کی تعداد کم ہوتی ہے، ہو جانے کے بہت کم لیکن بڑھے ہوئے خطرے کے متعلق معلوم ہونا چاہیے۔ یہ خطرہ Pfizer یا Moderna ویکسینوں میں نہیں دیکھا گیا۔

جو لوگ حمل سے ہیں یا چھاتی کا دودھ پلا رہے ہیں کسی بھی جگہ سے ویکسین لگوا سکتے ہیں، جیسے سٹی کے زیرِ انتظام چلائی جانے والی کوئی سائٹ، کوئی فارمیسی یا ان کے نگہداشت صحت فراہم کنندہ کا دفتر۔ ایسی کوئی تجویز نہیں ہے کہ لوگ COVID-19 ویکسین لگوانے سے پہلے حمل کا ٹیسٹ کروائیں۔

کیا جو لوگ حمل سے ہیں یا چھاتی کا دودھ پلا رہے ہیں ان کو ویکسین لگوانے سے پہلے اپنے فراہم کنندہ سے اجازت لینے کی ضرورت ہے؟

نہیں، لیکن جو لوگ حمل سے ہیں یا چھاتی کا دودھ پلا رہے ہیں ان کے لیے یہ چیز مدد گار ہو سکتی کہ اگر ان کے ذہن میں کوئی سوالات ہوں تو وہ ویکسین لگوانے سے پہلے اپنے فراہم کنندہ سے بات کر لیں۔

کیا ویکسین لگوانا میرے بچے کی COVID-19 سے حفاظت کر سکتا ہے؟

جی ہاں۔ ویکسین لگوانا آپ کے COVID-19 میں مبتلا ہونے اور اس کو دوسروں، بشمول آپ کے بچے، میں پھیلانے کے خطرے کو کم کرتا ہے۔

ان لوگوں پر حالیہ مطالعات، جو کہ حمل سے ہیں اور انہوں نے Pfizer یا Moderna ویکسینیں لگوائی ہیں، میں بچوں کی آنول ناؤ کے خون اور جو لوگ حمل سے تھے ان کے چھاتی کے دودھ میں اینٹی باڈیز پائی گئی ہیں۔ مستقبل کے مطالعات ہمیں یہ جاننے میں مدد دے سکتے ہیں کہ کس طرح یہ اینٹی باڈیز بچوں کی حفاظت کر سکیں گی، جیسے دیگر ویکسینیں کرتی ہیں۔ مثال کے طور پر، جو لوگ حمل کے دوران کالی کھانسی (Tdap) اور فلُو کی ویکسینیں لگواتے ہیں وہ اپنے بچوں میں اینٹی باڈیز منتقل کرتے ہیں جو کہ ان کی زندگی کے ابتدائی چند ماہ کے دوران ان کی حفاظت کرتی ہیں۔

کیا ویکسین میری تولیدی صلاحیت پر اثر انداز ہو گی؟

COVID-19 ویکسینوں کا تعلق تولیدی صلاحیت کے مسائل کے ساتھ جوڑنے والے دعوے بے بنیاد ہیں اور ان کی تائید میں کوئی ثبوت نہیں۔ CDC کا کہنا ہے کہ جو لوگ حمل سے ہونا چاہتے ہیں ان کے لیے COVID-19 ویکسین لگوانا محفوظ ہے اور تجویز کرتا ہے کہ وہ ویکیسن لگوائیں۔

کیا ویکسین میری ماہواری کے تسلسل پر اثر انداز ہو گی؟

ماہواری کے تسلسل میں تبدیلیوں کا سبب کئی عوامل ہو سکتے ہیں، جیسے ذہنی دباؤ اور نیند میں تبدیلی، خوراک، ماحول اور طرزِ زندگی، جو کہ COVID-19 کی عالمگیر وباء کے دوران عام ہیں۔ یہ جاننے کے لیے مزید تحقیق کی جائے گی کہ آیا COVID-19 ویکسینیشن اور ماہواری کے تسلسل میں عارضی تبدیلیوں میں کوئی تعلق ہے یا نہیں۔ بہرحال، ماہرین اس بات پر متفق ہیں کہ آپ کو ویکسین لگوانے کی منصوبہ بندی میں اپنی ماہواری کے تسلسل پر توجہ مرکوز کرنے کی ضرورت نہیں اور ماہواری کے دوران ویکسین باحفاظت انداز میں دی جا سکتی ہے۔

کیا ویکسین آغازِ بلوغت یا لوگوں کے ہارمونز پر اثر انداز ہوتی ہے؟

ایسا کوئی ثبوت نہیں جو ظاہر کرے کہ ویکسینوں کے آغازِ بلوغت یا ہارمونز پر طویل مدتی اثرات ہوتے ہیں۔

اگر مجھے دیگر ویکسینیں لگ رہی ہیں تو کیا مجھے COVID-19 ویکسین لگائی جا سکتی ہے؟

جی ہاں۔ آپ کو COVID-19 ویکسین دوسری ویکسینیں، بشمول وہ ویکسینیں جو کہ عام طور پر حمل کے دوران دی جاتی ہیں (جیسے Tdapاور فلُو)، لگوانے سے پہلے، بعد یا ان کے ساتھ ایک ہی وقت میں لگ سکتی ہے۔

مجھے مزید معلومات کہاں سے مل سکتی ہیں؟

cdc.gov پر جائیں اور تلاش کریں **"COVID-19 vaccines while pregnant or breastfeeding"** (حمل سے ہونے یا چھاتی کا دودھ پلانے کے دوران COVID-19 ویکسینیں)۔ COVID-19 ویکسینوں کے متعلق مزید معلومات کے لیے **nyc.gov/covidvaccine** ملاحظہ کریں۔

اگر آپ حمل کے دوران COVID-19 ویکسینیشن کے متعلق کسی سے بات کرنا چاہیں تو MotherToBaby کے ماہرین انگریزی اور ہسپانوی میں سوالات کے جواب دے سکتے ہیں۔ 866-626-6847 پر کال کریں، 855-999-8525 پر ٹیکسٹ کریں یا **mothertobaby.org** پر چیٹ کریں۔ یہ مفت اور رازداری برقرار رکھنے والی خدمت پیر تا جمعہ، صبح 8 بجے سے شام 5 بجے تک دستیاب ہے۔